06/06/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*..... وزیر اعظم نریندر مو دی نے ادھمپور۔ سرینگر۔ بارہمولہ ریل لنک کو کیا قوم کے نام وقف// سرینگر اور کٹرہ کے درمیان ٹرین سروس شروع۔

*..... جموں وکشمیر کے نوجوان ملک کے مشن مینوفیکچرنگ کا متحرک حصہ بنیں// وزیر اعظم کی تاکید۔

*..... ایل جی منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کشمیر کو ریل رابطے کے ذریعے ملک کے ساتھ جوڑے جانے کو تاریخی نوعیت کا دیا قرار۔

اور

*.....جمونو کشمیر میں کل منائی جائے گی عید الاضحی کی تقریب۔

افتتاحPM

وزیر اعظم نریندر مو دی نے آج جمونو کشمیر کے اپنے دورے کے دوران46ہزار کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔ ان میں ادھمپور ۔ سرینگر۔ بارہمولہ ریل لنک پروجیکٹ بھی شامل ہے۔ وزیر اعظم نے ریاسی میں دنیا کے سب سے اونچے اور انجینئر نگ کے شاہکار چناب ریل پُل کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کٹرہ سے سرینگر اور سرینگر سے کٹرہ کےلئے ریل سروس کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس طرح کشمیر وادی کو ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ ریل کے ذریعے جوڑا گیا ہے۔ اپنی تقریر میں وزیر اعظم نریندر مو دی نے اس پروجیکٹ کے افتتاح کو ملک خاص کر جمونو کشمیر کےلئے تاریخی نو عیت کا قرار دیا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت دہشت گردی کے خاتمے کے اپنے سخت موقف پر کار بند ہے۔ انہوننے پہلگام حملے کا ذکر کرتے ہوئے کہاکہ بھارت نے آپریشن سندور کے ذریعے پاکستان کو ایک کرارا جواب دیا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ جمونو کشمیر میں ترقیاتی عمل کی راہ میں آنے والی کسی بھی رُکاوٹ کو دور کیا جائے گا۔

نریندر مو دی نے جمونو کشمیر کے نوجوانوں سے تاکید کی کہ وہ اپنے ہنر اور اختراعی خیالات کے ساتھ ملک کے مشن مینوفیکچرنگ کا حصہ بنیں۔

وزیر اعظم نے اس موقعے پر دیگر کئی پروجیکٹ قوم کے نام وقف کئے۔افتتاحی رسم کے موقعے پر سڑک ٹرانسپورٹ کے مرکزی وزیر نتن گڈکری ، ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو، مرکزی وزراءڈاکٹر جتیندر سنگھ ، وی سومنّا اور رونیت سنگھ کے علاوہ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری، ممبران پارلیمنٹ جگل کشور، آغا سید روح اللہ مہدی اور غلام علی کھٹانہ موجود تھے۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے وزیر اعظم کے ہا تھوں ریل پروجیکٹ کے افتتاح پر خوشی کا اظہار کر تے ہوئے کہا ہے آج کے دن کو تاریخ میں یاد کیا جاتا رہے گا۔ اس موقعے پر اپنی تقریر میں ایل جی نے کہا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کشمیر کو ریل رابطے کے ذریعے ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ جوڑے جانے کو ایک تاریخی حصولیابی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے سیاحت اور کاروبار کو مزید فروغ ملنے کے علاوہ عام لوگوں کی زندگی میں آسانیاں پیدا ہوگی۔ کٹرہ میں وزیر اعظم کے ہا تھوں اس سروس کے افتتاح کے بعد ایک عوامی اجتماع سے خطاب کر تے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انکی سرکار وِکست بھارت۔ وِکست جمونو کشمیر کے خواب کو پورا کرنے کےلئے پُر عزم ہے۔ انہوننے46ہزار کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹ قوم کے نام وقف کرنے کےلئے وزیر اعظم کا شکریہ ادا کیا۔

پوسٹXپی ایم

وزیر اعظم نریندر مو دی نے آج ریاسی ضلعے میں تعمیر کئے گئے چناب ریل برج کے کئی ورکروں کے ساتھ بات کی ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ انہیں اس بات پر خوشی محسوس ہوئی کہ یہ ورکر اپنے ہم وطنوں کےلئے جدید ترین ڈھانچے کی تعمیر کے عزم پر قائم ہے۔ ایک اور پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ انہیں چناب ریلوے پُل پر ترنگا لہرا کر کا فی فخر محسوس ہوا۔

بشیر احمدبشیر

کشمیر ویلی فروٹ گروورس کم ڈیلرس یونین نے ادھمپور۔ سرینگر۔ بارہمولہ ریل لنک پر ٹرین سروس کی شروعات کا خیر مقدم کیا ہے۔ یونین کے صدر بشیر احمد بشیر نے کہا ہے کہ کشمیر سے ملک کے دیگر علاقوں کےلئے گڈس ٹرین سروس بھی شروع کی جانی چاہئے تاکہ کشمیر کے ہارٹیکلچر شعبے کی مزید ترقی کو یقینی بنایا جا سکے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے اپنے تاثرات کا کچھ اسطرح اظہار کیا۔

سال11

سرکار کے 11سال مکمل ہو گئے ہیں۔ ان11برسوں کے دوران مختلف شعبوں کی ترقی NDA مر کز میں کےلئے سرکار نے اصلاحی اور انقلابی نوعیت کے اقدامات کئے جن سے عام انسان کی زندگی میں آسانی پیدا ہوئی۔ سرکار کی جانب سے متعارف کی گئی ترقیاتی پالیسوں میں قومی تعلیمی پالیسی 2020خاص طور سے قابل ذکر ہے ۔ ملک میں پچھلے دس برسوں کے دوران اعلیٰ تعلیمی اداروں کی تعداد51ہزار سے بڑھ کر70ہزار سے زائد ہو گئی ہے جبکہ یونیورسٹیوں کی تعداد760سے بڑھ کر ایک ہزار334ہو گئی ہے۔ قومی تعلیمی پالیسی کی بدولت طبی اور تکنیکی تعلیم کے شعبے میں بھی انقلابی نوعیت کی تبدیلی آئی ہے۔

جا وید رانا

چندی گڑھ میں آج شمالی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی" ریجنل پاور منسٹرس کانفرنس2025" منعقد ہوئی۔ اس کانفرنس میں جمونو کشمیر کے کا بینی وزیر جا وید احمد رانا نے بھی شرکت کی۔ انہوننے بجلی کے شعبے میں جمونو کشمیر کو درپیش مشکلات کا ذکر تے ہوئے کہا کہ یوٹی میں بجلی کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کےلئے کشن پور۔ موگا ترسیلی لائن کی گنجائش بڑھانے کے کی تعمیر مکمل کی جانی چاہئے۔ انہوننے جموں وکشمیر میں Siot علاوہ 400کے وی گرڈ سٹیشن چھوٹے پن بجلی پروجیکٹوں کے قیام کے امکانات کو بھی اُجاگر کیا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

کرشی سنکلپ

ملک بھر میں جا ری پندرہ روزہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان کے تحت جمونو کشمیر میں بھی بیداری سرگرمیوں کا انعقاد جا ری ہے۔ ابھیان کی اہمیت کے بارے میں کرشی وگیان کیندر بڈگام کے سربراہ پروفیسر بلال احمد لون نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

حج

دنیا بھر سے آئے ہوئے لاکھوں حج عازمین نے سعودی عرب کے شہر مکہ میں حج کے بیشتر اور اہم ارکان ادا کئے ہیں۔

حجاج کرام نے آج صبح منیٰ پہنچ کر رمی جمرات کیا اور جانوروں کی قربانی پیش کی ۔ حجاج کرام کل بھی رمی جمرات کریں گے اور طواف زیارت ادا کریں گے۔

اس دوران آج سعودی عرب اور دیگر خلیجی ممالک میں عید الاضحی کی تقریب عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔

عید

ملک کے ساتھ ساتھ جمونو کشمیر میں بھی کل عید الاضحی کی تقریب سعید مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔ اس سلسلے میں وادی کی مساجد ، خانقاہوں اور عید گاہوں میں عید نماز کے بڑے بڑے اجتماعات منعقد ہو رہے ہیں۔ نماز عید کا سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں ہو گا جہاں عید کی نماز صبح10بجے ادا کی جائے گی۔ خانقاہ معلی سرینگر میں نماز عید صبح 11بجے، زیارت نقشبند صاحب خواجہ بازار میں صبح دس بجے ، زیارت پیردستگیر صاحب خانیار میں صبح 9بجے ، زیارت مخدوم صاحب اور زیارت میر یعقوب صاحب سونہ وار میں صبح ساڑھے 9بجے عید کی نماز ادا کی جائے گی۔

مسجد جامع حنفیہ با با حنیف الدین رٹھسن بیروہ اور جامع ہمدانیہ دھرم بگ کرالہ پورہ میں عید نماز صبح ساڑھے8بجے ادا کی جائے گی۔ حنفیہ مسجد کنڈورہ بیروہ، جامع مسجد دہرمنا بڈگام، جامع مسجد حنفیہ ناجن بیروہ اور عید گاہ چکورہ پلوامہ میں عید نماز صبح8بجے ادا کی جائے گی۔

مرکزی عید گاہ ددر ہامہ گاندربل میں عید نماز صبح پونے 9بجے جبکہ مسجد ابو بکر بڈشاہ نگر نٹی پورہ میں صبح ساڑھے سات بجے ادا کی جائے گی ۔ شوپیان کے مرکزی عید گاہ میں عید نماز صبح پونے 10بجے ادا کی جائے گی۔

عید مبارک

سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والی کئی شخصیات نے جمونو کشمیر کے لوگوں کو عید کی مبارکباد دی ہے۔ معروف ڈوگری ادیب اور پدم شری ایوارڈ یافتہ پروفیسر للت کمار منگوترا اور دیگر کئی شخصیات نے اپنے پیغامات میں کہا۔

مبارکباد

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے عید الاضحی کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ دن ہمیں دیانتداری اور سچائی اختیار کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔وزیر صحت سکینہ ایتو نے جمونو کشمیر کے عوام کو عید کی مبارکباد دیتے ہوئے اُمید ظاہر کی ہے کہ یہ دن لوگوں کےلئے خوشحالی کی نوید لیکر آئے گا۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور پی ڈی ایف چیرمین حکیم محمد یا سین نے جمونو کشمیر کے لوگوں کو عید کی مبارکباد دی ہے۔

جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض احمد ہمدانی، ایمپلائز جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے صدر فیاض شبنم اور جے کے ویلفیر سو سائٹی کے چیرمین شیخ ماجد نے بھی لوگوں کو عید کی مبارکباد دی ہے۔

عید رش

عید الاضحی کی آمد کے پیش نظر سرینگر اور وادی کے دیگر قصبہ جات میں بازاروں میں کا فی گہما گہمی دیکھنے کو ملی۔ یوم عرفہ کی مناسبت سے آج لوگ اشیائے خوردنی اور ملبوسات کی خریداری میں مصروف نظر آئے۔

حکام نے لوگوں کی سہولت کےلئے تمام تر انتظامات کئے ہیں جبکہ بازاروں میں ضروری اشیاءکی دستیابی اور نرخوں کی اعتدالی کو یقینی بنانے کے مناسب اقدامات کئے گئے ہیں۔

اینٹی کورپشن بیورو نے میونسپل کمیٹی بانڈی پورہ میں غیر قانونی تقرریوں کے ایک معاملے میں بیورو کی ایک خصوصی عدالت میں چارج شیٹ دائر کی ہے۔ تحقیقات کے بعد اینٹی کورپشن بیورو کو پتہ چلا ہے کہ سال2009-10کے دوران میونسپل کمیٹی کے اُس وقت کے عہدیداروں نے اپنے اختیارات کا غلط استعمال کر کے غیر قانونی طور82افراد کی تقرری عمل میں لائی ہے۔

نشہ مکت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے درکار اقدامات کے ضمن میں ایک سینئر ٹیچر خورشید احمد خورشید نے کہا ۔

سندور وفد

آپریشن سندور کے تحت سفارتی مہم کے ایک حصے کے طور پر بی جے پی کے پارلیمنٹ ممبر روی شنکر پرساد کی قیادت والا وفد جرمنی پہنچ گیا ہے۔ ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں جرمنی میں قائم بھارتی سفارت خانے نے کہا ہے کہ یہ وفد اس ملک کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ ملاقات کے دوران دہشت گردی کے خلاف بھارت کا موقف انکے سامنے رکھے گا۔

بڈگام ضلعے کے چرمجرو بیروہ سے تعلق رکھنے والی ایک ہونہار ٹائیک ونڈو کھلاڑی لبنا نصیر نے چمپئن شپ2025میں سونے کا تمغہ جیت لیا ہے۔Cadet and Junior National Taekwondoچوتھے

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے لبنا نصیر نے اپنے جذبات کا اظہار کیا۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران مو سم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30اعشاریہ2ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13اعشاریہ7ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38اعشاریہ 3ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23اعشاریہ6ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر19 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام7بجکر41منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.....

.....

.....

..